از دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک /پولٹری ڈویلپمنٹ آفیسر کوٹلی۔

ٹینڈر بابت خرید لئیر مرغیاں

دفتر ہذا کو مالی سال 21-2020 کے دوران جاری ترقیاتی سکیم "Backyard Poultry Production for Women in AJK" کے تحت رجسٹرڈ فرموں رڈسٹری بیوٹرز سے غیر مشروط (Two Envelope) Single Stage بسلسلہ خرید لئیر مرغیاں بذیل شرائط کے تحت مطلوب ہیں۔ٹینڈر مورخہ 13-08-2020 کو دن 11 بجے تک دفتر زیر دستخطی میں پہنچ جانے چاہیں جو اسی دن دفتری اوقات کار میں بوقت 2 بجے دن دفتر ہذا میں ٹینڈر دہندگان /فرموں کے نمائندگان اور جناب ناظم اعلیٰ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر اور پرچیز کمیٹی کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔پیش کردہ ازاخ کا 2 فیصد بشکل کال ڈیپازٹ پرپوزل کے ساتھ شامل کرنا لازم ہوگا۔بصورت Bid منسوخ کردی جائے گی۔(مرغیوں کی خرید کا بجٹ 10 ملین روپے ہوگا جس میں کمی بیشی ہوسکتی ہے۔

شرائط ٹینڈر۔

1- مرغیوں/Pullets کی عمر 18 ہفتے ہونی چاہیے۔

2- مرغیاں/Pullets, RiR(Rhode Island Red)'Black Australorp اور Fayumi نسل کی ہونی چاہیے۔

3- مرغیوں/Pullets کا وزن بالترتیب 1.3، 1.3 و 1.0 کلوگرام ہونا چاہیے۔

4- فراہم کردہ مرغیاں/Pullets کو Infectious Bronchitis رانی کھیت انفلوئنزا، فاؤل پاکس، میرکس، گمبورو کے خلاف پہلے سے حفاظتی ٹیکہ جات کا کورس مکمل ہونا ضروری ہے۔مرغیوں کی سپلائی کے ساتھ متعلقہ علاقہ کے ویٹرنری آفیسر سے یا مستند لیبارٹری کی جانب سے حفاظتی ٹیکوں کے کورس کی تکمیل کی تصدیق پیش کرنا ہوگی محکمہ بھی متذکرہ ویکسینز کے ٹائٹرز چیک کروائے گا اور ٹائٹرز کم ہونے کی صورت میں مرغیوں کی سپلائی واپس کردی جائے گی۔

5- سپلائی آرڈر جاری ہونے کے 15 دن کے اندر مرغیاں/Pullets سپلائی کے لیے بتائے گئے مقامات پر فراہم کرنا ہونگی۔مرغیوں کی سپلائی ضلع ہذا کے تمام انتخابی حلقوں کی یونین کونسلو میں کرنا ہوگی۔

6- مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والے ٹینڈر قابل قبول نہ ہونگے۔

7- کمیٹی پہلے Technical Bid کھولے گی Technical Bid کو الیفائی کرنے والی فرموں کی Financial Bid کھولی جائی گی۔لہذا فرم کو اپنی Technical Bid کے ساتھ مکمل پروفائل (بروشر) فراہم کرنا ہوگی۔

8- کامیاب ٹینڈر دہندگان/فرموں کو سپلائی آرڈر جاری کرنے سے قبل سپلائی کردہ لئیر مرغیوں کی مالیت کا 05% بطور پرفارمنس گارنٹی کے طور پر کال ڈیپازٹ/ڈیمانڈ ڈرافٹ جمع کروانا ہوگا۔

9- ادائیگی محکمہ حسابات سے بلات پاس ہونے پر ہوگی۔

10- بلات سے رائج الوقت جملہ لاگو ٹیکسز وضع کیے جائیں گے۔

11- کامیاب ٹینڈر دہندگان کو بلات کے ہمراہ GST انوائس اور انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ شامل کرنا ہوگا۔

12- پرچیز کمیٹی کو بمطابق AJK PPRA رولز 2017 ٹینڈر کو منسوخ/مسترد کرنے کا مکمل اختیار ہوگا۔

13- بمطابق PPRA رولز 2017 تمام ٹینڈر دہندگان کو اپنی کوٹیشن کے ساتھ بیان حلفی جمع کروانا ہوگی کہ وہ آزاد کشمیر و پاکستان گورنمنٹ کے کسی بھی ادارہ کی جانب سے بلیک لسٹ فرم نہ ہے۔

14- دیگر شرائط دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار کے دوران مورخہ 11-08-2020 حاصل کی جاسکتی ہیں۔

(نوٹ) اشتہار ہذا AJK PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

ڈاکٹر محمد شیر افضل

ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک/پولٹری

ڈویلپمنٹ آفیسر کوٹلی۔

فون نمبر (05826-920630)